نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیر زراعت سید حسین جہانیاں گردیزی سے سول سیکرٹریٹ لاہور میں ارجنٹائن کے سفیر لیپولڈو فرانسسکو ساہورس کی ملاقات۔زراعت کے شعبہ میں تعاون اور باہمی دلچسپی کے اُمور پر تبادلہ خیال کیا۔

لاہور یکم دسمبر **2021**:ارجنٹائن کے سرمایہ کاروں کے لیے زراعت کے شعبہ میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔زرعی مشینری میں ارجنٹائن کی سروس پرواڈینگ کمپنیاں پنجاب میں اپنا سرمایہ لگا سکتی ہیں ان خیالات کا اظہار وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے لاہور میں ارجنٹائن کے سفیر لیپولڈو فرانسسکو ساہورس سے ملاقات کے دوران کیا۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ پاکستان اور ارجنٹائن کے مابین زراعت میں دوطرفہ تجارت کے کافی مواقع موجود ہیں۔پاکستان ارجنٹائن سے سو ملین ڈالر سے زائد کی کپاس،خوردنی تیل،پھلوں سبزیوں اور دیگر فصلوں کے بیج،زرعی ادویات،کھادیں وغیرہ درآمد کرتا ہے۔جبکہ پاکستان کی طرف سے ارجنٹائن کو برآمد کی جانے والی مصنوعات کا حجم کافی کم ہے جس کو مزید بڑھانے کی ضرورت ہے۔۔انھوں نے کہا کہ ارجنٹائن پنجاب میں زرعی اجناس کی سٹوریج کمپنیوں کے قیام کے ذریعے کسانوں کو سہولیات فراہم کرسکتا ہے۔دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ کاروباری کونسل سے بزنس ٹو بزنس انٹریکشن میں اضافہ ہورہا ہے۔یہ بات خوش آئندہ ہے کہ صوبہ پنجاب میں زرعی اصلاحات کے دوررس نتائج برآمد ہورہے ہیں۔صوبائی وزیر نے کہا کہ زرعی پیداوار میں اضافے سے ملکی معیشت مضبوط ہوگی۔اس مقصد کے لیے حکومت ملکی وغیر ملکی سرمایہ کاروں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات کی فراہمی پر یقین رکھتی ہے۔اس موقع پر لیپولڈو فرانسسکو ساہورس نے کہا کہ ارجنٹائن کی کمپنیاں پنجاب میں زرعی سیکٹر اور فوڈ پراڈکٹس میں سرمایہ کاری کی خواہشمند ہیں۔انہوں نے یقین دلایا کہ ارجنٹائن پاکستان کو تیلدار اجناس،غلہ،بیج اور پھل کی برآمد کے ذریعے غذائی ضروریات کو پورا کرنے میں اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

☆☆☆☆